Day: ____________ Date: ____________

سوال نمبر (1)

تہذیب اور ثقافت میں کیا فرق ہے؟
اسلامی تہذیب کی اہم خصوصیات کو اجاگر کریں؟

آوٹ لائن:

۱۔ تعارف
۲۔ تہذیب اور ثقافت
۳۔ اسلامی تہذیب اور مغربی تہذیب
۴۔ اسلامی تہذیب کی اہم خصوصیات
(4a)۔ توحید
(4b)۔ رسالت
(4c)۔ آخرت
(4d)۔ آفاقی سچائیاں
(4e)۔ عبادات کا نظام

حاصلِ بحث

تعارف:

انسان کا جب سے وجود ہوا اور نسل انسانی آگے بڑھی میل ملاپ ہوا، زبان وابلاغ کا سلسلہ جاری ہوا انسان نے رہن سہن کے طریقے سیکھے ان میں وقت گزرنے کے ساتھ ملاپ ہوئے، رنگ، نسل، مذہب یا عقیدے کی بنا پر تراميم کیں جن کی وجہ سے دنیا میں مختلف تہذیبوں نے جنم لیا۔ ان کی وجہ سے آفاقیت، عالمگیریت اور مقبولیت پانے کے لیے ان میں مقابلہ جاری وساری رہا ہے ہی تہذیبوں کا

Day:________ Date:________

تصادم ہے۔ اسلامی تہذیب نے اپنے عالمگیر اور قدرتی اصولوں پر مبنی ہونے کی وجہ سے اپنے سے مروجہ تمام تہذیبوں پر قابو پالیا اور ان کو خود میں سما لیا۔ مغربی تہذیب کے ابھرنے کی وجہ سے اس کا موازنہ اسلامی تہذیب سے کیا جانے لگا۔ مسلمانوں کے زوال و انحطاط کی وجہ اپنی تہذیب سے دور اور مادیت پسند مغربی تہذیب کی طرف بڑھتا ہوا رجحان ہے لیکن اسلامی تہذیب ہی ایسی تہذیب ہے جو معاشی، معاشرتی، اخلاقی، سیاسی، سماجی، جسمانی اور روحانی تمام تقاضوں کو پورا کرتی ہے

بقول شاعر:

ستیزہ کار رہا ہے ازل سے تا امروز
شرار بولہبی سے چراغِ مصطفوی

تہذیب اور تمدّن:

تہذیب کا لفظ "ھذب" سے اخذ کیا گیا ہے جس کا معنی ہے کانٹ چھانٹ کرنا، سنوارنا، بنانا وغیرہ

تہذیب سے مراد ہے کسی چیز کو کانٹ چھانٹ کر کے درست کرنے کے قابل بنانا۔

جب انسان ایک ساتھ رہتے ہیں ان کے کچھ قواعد و قوانین، مذاق، طور طریقے ہوتے ہیں

Day: Date:

جس سے ایک اکائی وجود میں آتی ہے اسے تہذیب کہتے ہیں۔
جبکہ ثقافت کا معنی ہے
ثقافت سے مراد لوگوں کا لباس، رہن سہن، زبان، کھانے، تہوار، طور طریقے ہیں۔
تمدن کسی بھی معاشرے کی سماجی، معاشی اور معاشرتی ضرورت کو پورا کرتی ہے جبکہ تہذیب اس کی روحانی اور ذہنی ارتقاء کا نام ہے۔

اسلامی تہذیب اور مغربی تہذیب:

اسلامی تہذیب کی بنیاد توحید ہے اور اس کے قوانین خدا تعالیٰ کی طرف سے بنائے گئے ہیں جبکہ مغربی تہذیب کی بنیاد عقل ہے اور یہ مادیت پرستی پر زور دیتی ہے۔ اس کے قوانین لوگ بناتے ہیں۔ اس کی مادی ترقی نے لوگوں کو اپنے حصار میں لے لیا ہے یہ کسی بھی تہذیب کو یا مکمل خود میں ضم کرتی ہے یا اس سے مکمل اختلاف رکھتی ہے۔ اس کی بنیادیں کمزور اور کھوکھلی ہیں جبکہ تہذیب اسلامی کی بنیاد مضبوط اور مستحکم ہے۔ اس کو کسی بھی وقت، زمانے، لوگوں کے لیے لگایا جاسکتا ہے۔ مندرجہ ذیل اوصاف کی بنا پر

یہ ایک منفرد تہذیب ہے۔

اسلامی تہذیب کی خصوصیات

اسلامی تہذیب کی مندرجہ ذیل خصوصیات ہیں۔

عقیدہ توحید:

اسلامی تہذیب کی بنیاد عقیدہ توحید ہے مسلمان خدائے واحد کے علاوہ کسی کے آگے نہیں جھکتا اور نہ ہی خدا کے حکم کے آگے اپنی مرضی چلا سکتا ہے۔ اسلامی تہذیب میں شخصی آزادی مکمل طور پر خدا کی مرضی کے آگے surrender کی جاتی ہے۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝
لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ
يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ

کہہ دیجئے! وہ اللہ ہے وہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے نہ اس کا کوئی باپ ہے اور نہ کوئی اولاد ہے۔ اور اس کا کوئی ہمسر نہیں وہ اکیلا ہے۔

(سورہ اخلاص)

جبکہ باقی تہذیبیں زیادہ تر ایک سے زیادہ خداؤں کو پوجتی ہیں اور ان میں انسانی سطح پر بہت سی غیر فطری چیزیں موجود ہیں۔

Day: Date:

عقیدہ رسالت:

اسلامی تہذیب عقیدۂ رسالت پر مبنی ہے اللہ پاک نے انسانیت کی رہنمائی کے لئے مختلف اوقات میں مختلف انبیاء بھیجے جو ان کی ذہنی اور روحانی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے خدا کے احکامات لوگوں تک پہنچاتے رہے۔ انسان خود سے کچھ بھی نہیں بناتے جس میں تمام اصول و ضوابط اللہ کی طرف سے نازل شدہ ہوتے ہیں جو انبیاء و رسل کے ذریعے اللہ پاک نے دنیا تک پہنچائے ہیں۔ قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وَمَآ اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ
وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا

اور رسول پاک تمہیں جو چیز دیں وہ لے لو اور جس سے منع کریں اس سے باز رہو۔

(سورۃ حشر)

عقیدہ آخرت:

اسلامی تہذیب کی اہم بنیاد عقیدہ آخرت ہے جس میں یہ مانا جاتا ہے کہ انسان اس زندگی میں آزاد نہیں ہے اس کے گناہوں یا اچھے کاموں کی جزا و سزا آخرت میں اس کو دی جائے گی۔ روزِ قیامت سب کے نامۂ اعمال ان

کے آگے پیش کیے جائیں گے۔ نیک اعمال جنت
میں لے کر جائیں گے اور برے اعمال جہنم کا ایندھن
بنائیں گے۔

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ

پس جس نے ذرہ برابر بھی نیکی
کی ہوگی اسے دکھائی جائے گی۔
(سورہ زلزال)

لہذا دنیا میں کوئی بھی عمل کرنے سے پہلے انسان
صرف مادی ضرورت کو ہی نہیں دیکھتا بلکہ اس کے
حساب کتاب کو بھی نظر میں رکھتا ہے۔

عبادات کا نظام:

اسلامی تہذیب میں عبادت اور دنیا کو
الگ الگ نہیں کیا گیا بلکہ اس میں ایک مکمل
عبادات کا نظام موجود ہے جو ہر وقت انسان کو
خدا سے جوڑے رکھتا ہے۔ عبادت کو صرف حج
تک محدود نہیں کیا گیا بلکہ نماز، روزہ، زکوٰۃ،
حج کی صورت میں ایک مکمل نظام وضع کیا گیا
ہے۔

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ

اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو۔

فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ

پس جو تم میں سے رمضان کو پائے اس کے
روزے رکھے۔
(سورہ البقرہ)

Day: Date:

آفاقی سچائیاں:

اسلامی تہذیب مساوات، عدل، انصاف، رواداری، اخوت، بھائی چارہ، آزادی، برابری اور تزکیۂ نفس کے آفاقی اصولوں پر قائم ہے۔ اس میں کسی قسم کا کوئی جبر نہیں ہے۔ اسلام ایک ترقی پسند اور مضبوط مذہب ہے۔ اس میں جمود نہیں ہے۔ قرآنِ پاک میں ارشاد ہے۔

لَآ اِكْرَاهَ فِى الدِّيْنِ

دین میں کوئی جبر نہیں۔

(سورۃ البقرۃ)

حاصلِ بحث:

اسلامی تہذیب اپنے مکمل نظام اور قواعد کی موجودگی میں ایک مکمل اور جامع تہذیب ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اسلام نے جو قوانینِ زندگی وضع کیے ہیں ان کی موجودگی میں مسلمان اپنی زندگی گزاریں۔ سادگی، مساوات، عدل و انصاف کو تھام لیں تو وہ کبھی بھی دوسری تہذیبوں کے زیر نہیں ہوں گے۔ اسلامی تہذیب ایک مضبوط ترین تہذیب کی حیثیت سے قائم رہے گی۔

CamScanner

Day: Date:

سوال نمبر (۲):

حصہ دوم

اسلامی ریاست میں اقلیتوں کے حقوق اور حیثیت کے بارے میں لکھیں۔

آؤٹ لائن:

۱۔ تعارف
۲۔ اسلامی ریاست اور بنیادی حقوق
۳۔ اسلامی ریاست میں اقلیتوں کے حقوق اور حیثیت

• میثاقِ مدینہ اور اقلیتیں
• نجاشی کو خط

۱۔ گرجوں، کنیسوں اور کاہنوں پر گرفت نہ ہوگی۔
۲۔ محتاجی کی وجہ سے ان کو حقیر نہ سمجھا جائے گا۔
۳۔ وہ جنگ میں ساتھ دینے سے مستثنیٰ ہیں۔
۴۔ جنگ میں بیرونی لوگوں سے معاہدہ نہ کریں گے
سود نہ لیں گے۔
۵۔ اسلام سے پہلے کے تمام خون ان کو معاف ہیں
۶۔ ان کو وہی حقوق حاصل ہوں گے جو مسلمانوں کو ہوں گے۔
۷۔ ان کی جان و مال، عزت و آبرو کا تحفظ

۴۔ جان کا تحفظ
۵۔ مال کا تحفظ
۶۔ عزت کا تحفظ

CamScanner

Day: Date:

۷- نجی زندگی کا تحفظ

۸- مذہبی آزادی

۹- معاشرتی آزادی

۱۰- معاشی آزادی

۱۱- جنگ سے مستثنیٰ

۱۲- تعلیم کی آزادی

۱۳- اقلیتوں کی حیثیت

۱۴- حاصلِ بحث

"مسلمان حاکموں کے زیرِ عیسائی زیادہ خوشحال تھے بازنطینیوں کی نسبت۔"

CamScanner